”اچھا خواب اللہ کی جانب سے ہے اور برا خواب شیطان کی جانب سے چنانچہ جب تم میں سے کوئی شخص برا خواب دیکھے، تو اپنی بائیں جانب تین بار تھو کے اور شیطان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے ایسا کرنے پر یہ خواب اسے کوئی ضرر نہیں دے گا“

ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: ”اچھا خواب اللہ کی جانب سے ہے اور برا خواب شیطان کی جانب سے چنانچہ جب تم میں سے کوئی شخص برا خواب دیکھے، تو اپنی بائیں جانب تین بار تھو کے اور شیطان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے ایسا کرنے پر یہ خواب اسے کوئی ضرر نہیں دے گا“

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ اچھا اور خوشی دینے والا خواب اللہ کی جانب سے ہے جب کہ ناپسندیدہ اور رنجیدہ کرنے والا خواب شیطان کی جانب سے ہے لہذا جو شخص ناپسندیدہ خواب دیکھے، وہ بائیں جانب تھتکارے اور اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے کیوں کہ اللہ نے مذکورہ عمل کو برے خواب کے نتیجے میں سامنے آنے والی ناپسندیدہ بات سے سلامتی کا سبب قرار دیا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3586